**13.03.2026**
**2115 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................ شبانہ بیگم

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آسام میں 24 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور قوم کے نام وقف کیا۔ انہوں نے ملک بھر کے 9 کروڑ 32 لاکھ سے زیادہ کسانوں کو پی ایم کسان اسکیم کی 22 ویں قسط جاری کی۔ انہوں نے کسانوں کی بہبود کے تئیں NDA حکومت کے عہد کا اعادہ کیا۔

☆ لوک سبھا نے گرانٹس کیلئے ضمنی مطالبات - دوسرے بیچ 2025-26 کو منظوری دے دی ہے۔

☆ بھارت میں ایران کے سفیر نے عندیہ دیا ہے کہ بھارت کے بحری جہازوں کو جلد ہی آبنائے ہرمز سے محفوظ طور پر گزرنے کی اجازت مل جائے گی۔

☆ سینسیکس میں مسلسل تیسرے دن دو فیصد کی گراوٹ رہی۔

☆ اور Fitch ریٹنگ نے، رواں مالی سال کیلئے بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار کی پیشرفت سات اعشاریہ پانچ فیصد ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Assam Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے اعادہ کیا ہے کہ BJP کی قیادت والی NDA حکومت، کسانوں کی بہبود کے تئیں عہد بند ہے، جس میں اُن کی آمدنی کو بڑھانا اور ملک کے زرعی شعبوں کو جدید بنانے کو ترجیح دی جارہی ہے۔

ملک بھر کے 9 کروڑ 32 لاکھ کسانوں کو پی ایم کسان اسکیم کی 22 ویں قسط جاری کرنے کے بعد، گواہاٹی میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلے 11 سالوں میں BJP کی قیادت والی حکومت نے کسانوں کی آمدنی میں اضافہ کرنے کیلئے مختلف اقدامات کیے ہیں۔

**SB -2100 - PM - Samman nidhi**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کانگریس پارٹی پر تنقید کی کہ اُس نے مرکز میں اپنے دس سالہ اقتدار کے دوران زرعی شعبے کو نظر انداز کیا۔

**SB - 2100 - PM on Congress**

اِس موقع پر وزیر اعظم نے بھومی پوجن کیا اور تقریباً 19 ہزار 680 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا

افتتاح کیا اور ملک کے نام وقف کیا۔ وزیر اعظم نے ریاست کے چائے باغان کے اہل ورکروں کو علامتی طور پر زمین کے پٹے بھی سونپے نیز 150 کلو واٹ Kopii Hydropower پروجیکٹ کو قوم کے نام وقف کیا۔

اِس سے قبل، وزیر اعظم نے ورچوئل طور پر گوہاٹی سے کوکراجھار کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ وزیر اعظم نے ورچوئل طور پر BTC علاقے میں ایک شاہراہ کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ آسام مالا 3.0، چار فلائی اوورس اور دو پُلوں کا سنگِ بنیاد رکھا۔×

**Prez Purple Fest**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا کہ دیویانگ جن، ملک کی ترقی میں اہم رول ادا کررہے ہیں۔ نئی دلّی میں Purple Fest سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ Fest، دیویانگ جنوں کی اہلیت کو اجاگر کرتا ہے۔ انہوں نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ دیویانگ جنوں نے ادب، کھیل کود، سائنس اور دیگر جیسے مختلف شعبوں میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہیں۔ اِس موقع پر صدر جمہوریہ نے سرکاری اسکیموں کو بھی اجاگر کیا، جن میں پردھان منتری دیویاشا کیندر اور Sugmaya بھارت ابھیان شامل ہیں، جو کہ دیویانگ جنوں کو فوائد فراہم کرنے کیلئے ہیں۔

**SB - Prez Murmu**

**LS - Sitharaman**

آج لوک سبھا نے گرانٹس کیلئے ضمنی مطالبات کے دوسرے بیچ، 26-2025 کو منظوری دے دی ہے۔ اِس کے تحت، حکومت نے دو لاکھ 81 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے مجموعی اضافی اخراجات کی درخواست کی ہے۔ اضافی مجموعی نقد اخراجات کی منظوری کی درخواست، فرٹیلائزر، خوراک پر سبسڈی اور دفاعی خدمات کے علاوہ دیگر پر زیادہ اخراجات پورے کرنے کیلئے کی گئی تھی۔ آج ایوان زیریں میں بحث کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ ضمنی مطالبات میں 61 گرانٹس شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مجموعی چھوٹے اقتصادی فریم ورک کو مستحکم کیا ہے، جس کی وجہ سے ملک، مالی استحکام کے روڈ میپ سے ہٹے بغیر مختلف قسم کے اقتصادی جھٹکوں کو برداشت کرنے کے قابل ہوا ہے۔×

**RS - Private Bills**

راجیہ سبھا کے بہت سے اراکین نے آج ایوان میں اپنے پرائیویٹ ممبر بل پیش کیے۔ جب ایوان کی کارروائی دو بجے دوبارہ شروع ہوئی، تو ایوان بالا میں پرائیویٹ ممبرس کی قرارداد پر بحث ہوئی۔ BJP کے رکنِ پارلیمنٹ دھننجے بھیم راؤ مہادِک نے کوہلاپوری لیدر کرافٹ (روک تھام اور روزی روٹی کے تحفظ) کا بل 2026 پیش کیا، جبکہ کانگریس کے رکنِ پارلیمنٹ رینوکا چودھری نے آب و ہوا کی لچک، زراعت اور کسانوں کے تحفظ کا بل 2025 پیش کیا۔ ایوان میں جنسی جرائم کے بل 2024 سے بچوں کے تحفظ نامی پرائیویٹ ممبر بل پر بھی بحث ہوئی۔ یہ بل NCP کی رکنِ پارلیمنٹ ڈاکٹر فوزیہ خان نے گزشتہ سال فروری میں پیش کیا تھا۔ بل میں جنسی جرائم کے قانون 2012 سے بچوں کے تحفظ میں ترمیم کرنے کی بات کہی گئی ہے۔×

**RS Prasar Bharti**

حکومت نے آج کہا ہے کہ پرسار بھارتی کے ذریعے تخلیق کردہ یا کمیشن کئے گئے مواد Copyrights کا مجاز پرسار

بھارتی ہے اور میڈیا **Production** ہاؤسز کے ذریعے **Copyrights** کی خلاف ورزی کا کوئی حالیہ معاملہ سامنے نہیں آیا ہے۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں اطلاعات و نشریات کے وزیرمملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے کہا کہ انٹرنیٹ کے معاون پلیٹ فارمس پر انفرادی صارفین کی جانب سے **Copyrights** کی خلاف ورزی کے کسی بھی واقعے کی باقاعدگی سے نگرانی کی جاتی ہے اور پرسار بھارتی اس پر کارروائی کرتا ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ پروڈکشن کے کام کو ذیلی کانٹریکٹ پر دینے کے معاملات بھی پرسار بھارتی کے نوٹس میں آئے ہیں۔×

## KERALA CEO

تھرِیونتھا پورم میں کیرالا کے اعلیٰ انتخابی افسر رتن یو کھیلکر نے کہا ہے کہ کیرالا میں آنے والے قانون ساز اسمبلی کے چناؤ میں ریاست میں ووٹنگ کی شرح کو **85** فیصد سے زیادہ یقینی بنانے کا ہدف ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی انتخابی کمیشن کا مقصد کیرالا میں ایسے انتخابات کرانا ہے، جو دنیا بھر کے لئے ایک مثال ثابت ہوں۔

جناب کھیلکر اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لئے تھریونتھا پورم میں ضلع کلکٹرز کی ایک میٹنگ میں اظہار خیال کر رہے تھے۔×

## Govt Briefing - West Asia

بھارت نے ایران کو، مغربی ایشیا میں موجودہ صورتحال کے مابین توانائی اور اشیاء کی بلا رکاوٹ آمد و رفت کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ مغربی ایشیا میں حالیہ صورتحال سے متعلق بین وزارتی تفصیلات فراہم کرنے کے دوران، وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے گزشتہ شام ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پیزیشکیان سے بات کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے اِس بات پر زور دیا کہ ایران سمیت خطے میں بھارتی باشندوں کی سلامتی اور بہبود، بھارت کی اعلیٰ ترجیح ہے۔ بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت میں خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے کہا کہ آبنائے ہرمز میں مغرب کی جانب سفر کیلئے **24** بھارتی جھنڈا بردار بحری جہاز اور مغرب کے سفر کیلئے تین بھارتی جھنڈا بردار جہاز موجود ہیں۔

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سُجاتا شرما نے کہا کہ تمام ریفائنریز صد فیصد صلاحیت پر کام کررہی ہیں اور انہیں باقاعدہ خام تیل مل رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گاڑیوں کو اندرونِ ملک **PNG** اور **CNG**، بنا کسی کمی کے، صد فیصد فراہمی حاصل رہے گی۔اِسی دوران، بھارت میں ایران کے سفیر نے عندیہ دیا ہے کہ بھارت کے بحری جہازوں کو جلد ہی آبنائے ہرمز سے محفوظ طور پر گزرنے کی اجازت مل جائے گی۔×

## West Asia Conflict

مغربی ایشیا میں جنگ **14** ویں دن میں داخل ہوگئی ہے اور اِس کے ختم ہونے کے کوئی آثار نہیں دکھائی دے رہے ہیں، کیونکہ **28** فروری کو ''آپریشن **Epic Fury**'' کے آغاز کے بعد سے امریکہ-اسرائیل اور ایران کے درمیان شدید لڑائی جاری ہے۔ آج جمعہ کے صبح تہران میں تازہ ہوائی حملے ہونے کی خبر ملی ہے، جس میں امریکہ اور اسرائیل فورسز کے ذریعے بمباری کے ایک اور دور کے بعد، ایران کی راجدھانی کے مختلف حصوں سے دھواں اُٹھتا ہوا دیکھا گیا۔ اِن حملوں میں فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ فوجی جائزے کے مطابق، امریکہ اور اسرائیل کی فورسز نے، اِس جنگ کے آغاز کے بعد سے ایران میں **6** ہزار سے زیادہ ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔ ایران، لبنان اور اسرائیل میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد دو ہزار سے زیادہ ہوگئی ہے۔

متحدہ عرب امارات کے فضائی دفاع نظاموں نے سات بیلسٹک میزائل اور **27** ڈرون کو ناکارہ بنا دیا، جو آج جمعہ کی صبح ملک کی جانب لانچ کیے گئے تھے۔ کامیابی کے ساتھ ناکارہ بنانے کے باعث گرنے والے ملبے سے دبئی بین الاقوامی مالیاتی مرکز کے نزدیک ایک عمارت کو تھوڑا نقصان پہنچا، جبکہ کسی کے زخمی ہونے کی کوئی خبر نہیں ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ............

**VC - Vinod Kumar**

ایران کے میزائلوں کے ترکیہ کے فضائی حدود میں بار بار داخل ہونے کے واقعات کے بعد ترکیہ سے متعلق بڑھتی ہوئی کشیدگی سے متعلق نئی صورتحال سامنے آئی ہے۔ جمعہ کو انقرہ نے اس بات کی تصدیق کی کہ اس کے فضائی دفاعی نظام نے ایران کے ایک تہائی بیلسٹک میزائلوں کو ناکام بنایا۔ مبینہ طور پر مشرقی بحرۂ روم پر ان کا پتہ لگایا اور ناٹو سے متعلق دفاعی نظام کا استعمال کرتے ہوئے انھیں مار گرایا۔ ترکی کے وزیر خارجہ نے متنبہ کیا ہے کہ اگر اس طرح کے واقعات جاری رہے تو ترکیہ جوابی کارروائی کرنے کا مجاز ہے۔ تہران نے دانستہ طور پر ترکیہ کو نشانہ بنائے جانے سے انکار کیا ہے۔ البتہ ترکی کے حکام دراندازی کے ان واقعات کو قومی سلامتی کی سنگین خلاف ورزی کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔

ان واقعات میں ترکیہ، جو ناٹو کا رُکن ہے، پہلے ایک ثالث کا رول برقرار رکھنے کی کوشش کر رہا تھا، اس کو ایک مشکل صورتحال میں ڈال دیا ہے۔

ایرانی میزائلوں کے ذریعے مسلسل فضائی حدود کی خلاف ورزیاں انقرہ کو ناٹو شراکت داروں کے ساتھ فوجی رابطہ مزید بڑھانے پر مجبور کرسکتی ہیں۔ ترکیہ کو یہ بھی خدشہ ہے کہ اُن حالات میں جنگ مزید شدت اختیار کرسکتی ہے، جس کے نتیجے میں اس کی طویل سرحد پر پناہ گزینوں کی تعداد میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ توانائی کی قیمتوں میں عالمی اضافے کی تناظر میں معاشی دباؤ میں اضافہ ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبروں کیلئے میں اصغر علی

**Jaishankar - Iran**

وزیر خارجہ نے گزشتہ رات ایران کے وزیر خارجہ سید عباس **Aragchi** سے بات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے شیئر کیا کہ انہوں نے باہمی معاملات کے ساتھ ساتھ **Brics** سے متعلق معاملات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ یہ ایران-امریکہ-اسرائیل کے درمیان جنگ شروع ہونے کے بعد سے، ڈاکٹر جے شنکر کی اپنے ایرانی ہم منصب کے ساتھ چوتھی بات چیت تھی۔×

**Jaishankar - Indian Ocean**

حکومت نے آج کہا کہ وہ بھارت کے سکیورٹی اور اقتصادی مفادات سے متعلق بحیرہ ہند کے خطے میں تمام واقعات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ آج لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ حکومت بحیرہ ہند میں بھارت کے مفادات کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے مناسب اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بحیرہ ہند کے خطے میں واقع ممالک سمیت، سبھی ممالک کے ساتھ بھارت کے رشتے باہمی تعلقات کی بنیاد پر قائم ہیں نیز اُن ممالک کے

دیگر ممالک کے ساتھ تعلقات، اُن کا آپسی معاملہ ہے۔×

## Fitch Ratings

Fitch درجہ بندی نے مالی سال 2026 کیلئے بھارت کے مجموعی گھریلو پیداوار GDP کی شرح نمو کے تخمینے کو سات اعشاریہ چار فیصد سے بڑھا کر سات اعشاریہ پانچ فیصد کردیا ہے۔ گزشتہ دو مہینوں میں معاشی سرگرمیوں میں قدرے گراوٹ کے باوجود معیشت بدستور مستحکم دکھائی دیتی ہے اور قرضوں کی شرح نمو اب بھی دو ہندسوں میں برقرار ہے۔ Fitch درجہ بندی کے مطابق اس مالی سال میں گھریلو مانگ سے معاشی شرح نمو کو تقویت ملے گی۔ اندازہ ہے کہ صارفین کے اخراجات میں تقریباً آٹھ اعشاریہ چھ فیصد اضافہ ہوگا، جبکہ سرمایہ کاری میں تقریباً چھ اعشاریہ نو فیصد اضافہ متوقع ہے۔

اس کے علاوہ GST کی وصولی، صنعتی پیداوار، فضائی سفر اور ڈیجیٹل ادائیگیاں اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ عالمی تجارت کی سست روی جیسے چیلنجز کے باوجود معیشت کی رفتار مستحکم رہے گی۔ Fitch کے اندازے کے مطابق مالی سال 2027 میں بھارت کی معاشی شرح نمو کچھ کم ہوکر چھ اعشاریہ سات فیصد رہنے کا امکان ہے۔×

## Business Capsule

Sensex میں ملک کے معیاری حصص اشاریے میں مسلسل تیسرے دن بھی کمی کا رجحان رہا اور آج یہ تقریباً دو فیصد کمی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ Sensex ایک ہزار 471 پوائنٹس کی کمی کے ساتھ تقریباً 74 ہزار 564 پوائنٹس پر بند ہوا، نفٹی 488 پوائنٹس کم ہوکر 23 ہزار 151 پر ٹھہر گیا۔ اِس سے پہلے مارکیٹ کمزور رجحان کے ساتھ شروع ہوئی۔×

## Pak Afghan

افغانستان میں اقوام متحدہ کے امدادی مشن UNAMA کے مطابق، کُل رات کابُل کے پُلِ چرخی علاقے میں پاکستان کے ہوائی حملے میں چار افراد ہلاک اور دیگر 14 زخمی ہوگئے، جن خواتین اور بچے شامل ہیں۔ پاکستان نے گزشتہ رات افغان کے بہت سے صوبوں پر تازہ فوجی کارروائی کی ہے، جن میں کابُل، قندھار اور پکتیا شامل ہیں۔ پاکستان کے فوجی طیاروں نے قندھار کے بین الاقوامی ہوائی اڈے کے نزدیک ایک نجی ایئر لائن کمپنی Kam Air کے ایندھن کے ذخیرے کو بھی اُڑا دیا۔ UNAMA کے مطابق، 26 فروری کے بعد سے افغانستان میں پاکستان کے ساتھ جاری مسلح لڑائی کے بعد، 75 افراد ہلاک اور دیگر 193 زخمی ہوئے ہیں۔×

## Baloch - Enforced Disappearances

بلوچستان کے بہت سے اضلاع سے جبری اغوا کے تازہ الزامات سامنے آئے ہیں، جہاں سے خبر ہے کہ بہت سے افراد کو پاکستانی سکیورٹی فورسز نے حالیہ دنوں میں حراست میں لیا ہے۔ اِن واقعات نے خطے میں انسانی حقوق کی جاری صورتحال کے بارے میں تشویش میں اضافہ کردیا ہے۔ بلوچستان پوسٹ نے خبر دی ہے کہ ایسے کم سے کم 9 افراد غائب ہیں، جنہیں صوبے کے مختلف علاقوں سے پاکستانی حکام کے ذریعے حراست میں لیا گیا تھا۔ لاپتہ افراد کے کنبوں نے انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیموں پر زور دیا ہے کہ وہ اِس معاملے میں مداخلت کریں اور اُن افراد کی محفوظ واپسی کیلئے زور دیں، جو غائب ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆